# 14 دلچسپ چارٹ (Smart Charts)

4409CH14

## کتنے گھنٹے؟

ہم سبھی ٹیلی ویژن دیکھنا یا ریڈیو سننا پسند کرتے ہیں۔



اس میں ہم کتنا وقت خرچ کرتے ہیں؟

- ہر دن اپنے ٹی وی اور ریڈیو کے سامنے صرف ہونے والے وقت کو درج کیجیے۔ ایسا ایک ہفتے کے لیے کیجیے۔ ایک ہفتے میں صرف ہونے والا وقت ________ گھنٹے ہے۔

تو ایک مہینے میں آپ نے تقریباً 30 × ________ = ________ گھنٹے صرف کیے۔

- اپنے دوستوں سے دریافت کیجیے کہ وہ ایک ہفتے میں کتنا وقت صرف کرتے ہیں۔

| وہ کتنے گھنٹے ٹی وی دیکھتے ہیں یا ریڈیو سنتے ہیں (ایک ہفتے میں) | بچوں کی تعداد |
|---|---|
| 6 گھنٹے سے زیادہ | |
| 6 گھنٹے | |
| 5 گھنٹے | |
| 4 گھنٹے | |
| 3 گھنٹے | |
| 2 گھنٹے | |
| 1 گھنٹہ | |
| صفر گھنٹہ (نہیں دیکھتے) | |




© NCERT not to be republished

## آپ کی ٹیبل سے

ٹی وی دیکھنا/ ریڈیو سننا............

- ________ بچے ہفتے میں 6 گھنٹے سے زیادہ صرف کرتے ہیں۔
- ________ بچے کوئی وقت نہیں صرف کرتے۔
- زیادہ تر بچے ایک ہفتہ میں ________ گھنٹے صرف کرتے ہیں۔
- ________ بچے 3 سے زیادہ گھنٹے صرف کرتے ہیں۔

## کون سا پروگرام؟

ٹی وی اور ریڈیو پر بہت سارے پروگرام آتے ہیں مثلاً کارٹون، خبریں، کھیل کود، موسیقی، ناٹک، سیریل۔ جوہی کے والد کو سیریل دیکھنا پسند ہے۔ اس کی ماں کو کھیل کود پسند ہے۔ جوہی کو خبروں کے پروگرام پسند ہیں۔

1) اپنے کنبہ کے لوگوں سے پوچھیے کہ ان کے پسندیدہ ایک پروگرام کا نام کیا ہے اور ایک غیر پسندیدہ پروگرام کا نام کیا ہے۔ ایک ٹیبل بنائیے۔

| گھر کے افراد | وہ پروگرام جو انھیں پسند ھے | وہ پروگرام جو انھیں پسند نہیں ھے |
|---|---|---|
| ماں | | |
| باپ | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

پروگرام کی وہ قسم جو گھر کے زیادہ تر افراد کو پسند ہے۔ ____________

پروگرام کی وہ قسم جو گھر کے زیادہ تر افراد کو ناپسند ہے۔ ____________



© NCERT not to be republished

2) اپنے 20 دوستوں سے ان پروگراموں کو معلوم کیجیے جو انھیں پسند ہیں اور ناپسند ہیں اور انھیں ٹیبل میں درج کیجیے۔

| پروگرام کی قسم | اسے پسند کرنے والے بچوں کی تعداد | اسے ناپسند کرنے والے بچوں کی تعداد |
|---|---|---|
| خبریں<br>سیریل<br>کارٹون<br>مزاحیہ پروگرام<br>کھیل کود | | |

- کس طرح کے پروگرام زیادہ تر بچوں کو پسند ہیں؟
- کس طرح کے پروگرام سب سے کم بچے ناپسند کرتے ہیں؟
- کتنے بچوں کو کھیل کود والے پروگرام پسند ہیں؟
- کیا کوئی ایسا پروگرام ہے جو کوئی بھی پسند نہیں کرتا؟

ہاں/نہیں۔ اگر ہاں، تو کون سا؟ ______________

## میرا دوست کون ہے؟

میرے ساتھ ہمیشہ میرا ایک دوست رہتا ہے،
راتوں میں اور سارے دن
جب میں دوڑتا ہوں تو وہ میرے ساتھ دوڑتا ہے،
کبھی میں آگے ہو جاتا ہوں، کبھی وہ۔
جب اندھیرا ہوتا ہے تو اسے دیکھا نہیں جاسکتا،
کیا آپ جانتے ہیں میں کس دوست کے بارے میں کہہ رہا ہوں؟



© NCERT not to be republished

❖ نظم کو دھیان سے پڑھیے اور ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

a) نظم میں کون سا لفظ سب سے زیادہ آیا ہے؟

b) کس حرف کا سب سے زیادہ استعمال ہوا ہے؟

c) کون سا حرف سب سے کم بار آیا ہے؟

❖ اپنی زبان کی کتاب سے اپنی پسند کا ایک پیرا گراف لیجیے۔ دھیان سے پڑھیے اور معلوم کیجیے:

a) کون سا لفظ کئی بار آتا ہے؟__________

کتنی مرتبہ؟__________

b) کون سا لفظ سب سے کم بار آتا ہے؟__________

(c) سب سے زیادہ استعمال ہونے والا حرف ہے __________

(d) سب سے کم استعمال ہونے والا حرف ہے۔__________

## وہ کھانا جو ہم کھاتے ہیں۔

بچے اُن چیزوں کے بارے میں بات کر رہے تھے جو وہ صبح کھاتے ہیں اور جو چاول، گیہوں، مکّے اور جو وغیرہ کی بنی ہوتی ہیں۔






2019-20

اپنے کلاس کے ساتھیوں سے معلوم کیجیے اور جدول میں بھریے۔

| افراد کی تعداد | خاص کھانا |
|---|---|
| | چاول |
| | گیہوں |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

جدول دیکھیے اور بتائیے۔

- زیادہ تر بچے جو کھانا کھاتے ہیں وہ بنا ہوتا ہے__________ سے۔
- موازنہ کیجیے کہ چاول کھانے والے بچے گیہوں کھانے والوں سے زیادہ ہیں/کم ہیں/ برابر ہیں۔
- موازنہ کیجیے گیہوں کھانے والے بچے راگی کھانے والوں سے زیادہ ہیں/کم ہیں۔

## کلاس میں ڈرامے کی تیاری


کلاس کے سبھی بچے ڈرامے کے لیے تیار ہو رہے ہیں۔ کچھ بچے ایکٹنگ کر رہے ہیں۔ کچھ کپڑے اکٹھا کرنے میں مصروف ہیں۔ کچھ سیٹ تیار کرنے کے لیے کرسیاں اور میزیں لا رہے ہیں۔





© NCERT not to be republished

2019-20




a) ڈرامے میں کتنے بچے ایکٹنگ کر رہے ہیں؟

b) کون زیادہ ہیں۔ سیٹ بنانے والے بچے یا پھر ایکٹنگ کرنے والے؟

c) کون سا کام سب سے زیادہ بچے کر رہے ہیں؟


d) کتنے بچے کپڑے اکٹھا کر رہے ہیں؟

## کس کا سر بڑا ہے؟

بیکار کاغذ سے ایک لمبی پٹی کاٹیے۔


اپنے ہر دوست کو ایک ایک پٹّی دیجیے۔

اب کاغذ کی پٹی کو اپنے سر پر لپیٹیے اور باقی بچی پٹی کو پھاڑ دیجیے۔ ایک بڑے کاغذ پر اِن کاغذ کی پٹیوں کو ایک لائن سے چپکایئے۔



© NCERT not to be republished

کچھ بچوں نے اپنی پٹیاں چپکا کر ایک چارٹ بنایا، اس طرح سے




آپ کا چارٹ بھی ایسا ہی نظر آنا چاہیے۔

❖ ایک پیمانے کا استعمال کر کے اپنے چارٹ سے معلوم کیجیے:


سب سے لمبی پٹی کی لمبائی ہے ______ سینٹی میٹر۔ اس لیے ________ کا سر سب سے بڑا ہے۔

سب سے چھوٹی پٹی ________ سینٹی میٹر لمبی ہے۔ یہ _________ کی ہے۔

## چپاتی چارٹ

اسکول میں سبھی بچے مختلف کلبوں میں حصہ لیتے ہیں۔






''چپاتی'' چارٹ مختلف کلبوں میں بچوں کی تعداد کو دکھاتا ہے

© NCERT not to be republished

تصویر میں ہم دیکھ سکتے ہیں کہ:

a) کلاس کے آدھے بچے کھیل کود کے کلب میں حصہ لیتے ہیں۔

b) ایک چوتھائی بچے باغ کے کلب کے ارکان ہیں۔

c) ڈرائنگ کلب میں کلاس کے ایک چوتھائی بچے ہیں۔


اگر اسکول میں 200 بچے ہیں، تو اوپر دیے ہوئے چپاتی چارٹ کو دیکھ کر ہر کلب کے ممبروں یا ارکان کی تعداد بتائیے۔

- کھیل کود کے کلب میں ________ ممبر ہیں۔
- باغ کے کلب میں ________ ممبر ہیں۔
- ڈرائنگ کلب میں ________ ممبر ہیں۔

## بارش میں بھیگ جانا

کون بارش میں بھیگنا پسند کرتا ہے؟ ایک بچے نے اپنے ساتھیوں سے پوچھنے کے بعد اسکا چپاتی چارٹ بنایا۔






چپاتی چارٹ دیکھیے اور بتائیے۔

1) کتنے بچے بارش میں بھیگنا پسند کرتے ہیں؟

a) آدھے b) ایک چوتھائی c) تین چوتھائی

2) کتنے بچے بارش میں بھیگنا پسند نہیں کرتے؟

a) آدھے b) ایک چوتھائی c) تین چوتھائی

© NCERT not to be republished

اگر کلاس میں بچوں کی تعداد 28 ہے، تو ان بچوں کی تعداد بتایئے :

- جو بارش میں بھیگنا پسند کرتے ہیں۔
- جو بارش میں بھیگنا پسند نہیں کرتے ہیں۔

## چائے، کافی یا دودھ

کچھ بچوں سے پوچھا گیا کہ انھیں چائے، کافی اور دودھ میں سے کیا پسند ہے۔



| ان کی پسندیدہ پینے کی چیز | بچوں کی تعداد |
|---|---|
| دودھ | 20 |
| کافی | 10 |
| چائے | 10 |

بچوں کی کُل تعداد ______________

جدول معلوم کیجیے۔

- بچے جو دودھ پسند کرتے ہیں وہ بچوں کی کل تعداد کا ¼ / ½ ہیں۔
- بچے جو کافی پسند کرتے ہیں وہ بچوں کی کل تعداد کا ½/¼ ہیں۔

چائے، کافی یا دودھ کو پسند کرنے کی عادت کو چپاتی چارٹ سے دکھایئے۔

© NCERT not to be republished